© rasailojaraid.com

پروفیسر ڈاکٹر عاصی کرنالی

# حمد باری تعالیٰ جل جلالہ

ہم کو لازم ہے کہ ہم ذکرِ خدا کرتے رہیں
یہ خدا کا قرض ہے ہم پر، ادا کرتے رہیں

ہم پہ واجب ہے کہ دیں ذکرِ خدا کو وسعتیں
منسلک ہم اس سے ذکرِ مصطفیٰ کرتے رہیں

ہو خدا کا حق ادا، خلقِ خدا کا حق ادا
طاعتِ حق، خدمتِ خلقِ خدا کرتے رہیں

جب کسی سے گفتگو ہو، شاخِ لب پر گل کھلیں
اپنے ایک اک سانس سے کارِ صبا کرتے رہیں

ہم رُکیں، جس فعل سے روکیں خدا و مصطفیٰ
جو خدا و مصطفیٰ کی ہو رضا کرتے ہیں

محو کرکے دامنِ انساں سے ہر داغِ بدی
خیر کے ہر نقش کو جلوہ نما کرتے رہیں

چاہتے ہیں ہم جو برکاتِ الٰہی کا نزول
ایک نسخہ ہے، محمد سے وفا کرتے رہیں

ذکر و حمد و نعت میں ڈھل جائے عاصیؔ کا وجود
اہلِ محفل میرے حق میں یہ دعا کرتے رہیں



© rasailojaraid.com